# سینٹ میریز کونونٹ گرلز ہائی سکول

**مضمون:اسلامیات** **جماعت:چہارم**

**باب اول:**

سورۃ کوثر ،سورۃ العصر زبانی یاد کریں۔

**سورۃ الاخلاص**

ترجمہ: شروع کرتی ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

**باب دوم:**

**ایمانیات وعبادات**

**الف:عقائد:تعارف**

**س ا:مختصر جواب دیں۔**

ا۔عقائد سے کیا مراد ہے؟

جواب:عقائد کا لفظ عقیدہ کی جمع ہے،جس کا معنی کسی چیز کو باندھنا یا گرہ لگانا ہے۔شریعت میں اس سے مراد اسلام کے بنیادی نظریات پر پختہ یقین رکھنا ہے۔یہی نظریات عقائد کہلاتے ہیں۔

ب ۔اسلام کے بنیادی عقائد کون سے ہیں؟

جواب:اسلام کے بنیادی عقائد پانچ ہیں۔

ا۔اللہ تعالٰی پر ایمان

۲۔فرشتوں پر ایمان

۳۔الہامی کتابوں پر ایمان

۴۔رسولوں پر ایمان

۵۔آخرت پر ایمان

ج۔اللہ تعالٰی پر ایمان سے کیا مراد ہے؟

جواب:اللہ تعالٰی پر ایمان سے مراد یہ ہے کہ اس دنیا کو پیدا کرنے اور اسے چلانے والا صرف اللہ تعالٰی ہے۔وہ اپنی ذات اور صفات میں یکتا ہے۔کوئی اس کا شریک نہیں ہے۔

د۔چار مشہور فرشتے کون سے ہیں؟

جواب:چار مشہور فرشتوں کے نام یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| ا۔ حضرت جبرئیلؑ | ان کا کام نبیوں تک وحی پہنچانا تھا۔ |
| ۲۔حضرت میکائیلؑ | ان کا کام بارش برسانا ہے۔ |
| ۳۔حضرت عزرائیلؑ | ان کا کام روح قبض کرنا ہے۔ |
| ۴۔حضرت اسرافیلؑ | یہ قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔ |

ہ۔آخرت پر ایمان سے کیا مراد ہے؟

جواب: آخرت کے لفظی معنی بعد میں آنے والی چیز کے ہیں ۔اسلامی تعلیمات کے مطابق اس سے مراد مرنے کے بعد کی زندگی ہے۔جب دنیا ختم ہو جائے گی،تو اللہ قیامت قائم کرے گا۔سب انسان دوبارہ زندہ کیے جائیں گے۔ان کے اعمال کا حساب ہوگا۔نیک لوگ جنت میں جائیں گے اور برے لوگ دوزخ میں جائیں گے۔

**س ۲۔خالی جگہ پر کریں۔**

ا۔باندھنا یا گرہ لگانا

۲۔نوری مخلوق

۳۔قبض کرنا

۴۔حضرت میکائیلؑ

۵۔حضرت محمد ﷺ

**س ۳۔کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| ا۔زندگی اور موت | اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ |
| ۲۔فرشتوں کو کھانے اور پینے اور | سونے کی ضرورت نہیں ہے۔ |
| ۳۔انجیل حضرت عیسیٰؑ | پر نازل ہوئی۔ |
| ۴۔قرآن مجید | حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا۔ |

## ب۔ارکان اسلام: زکوۃ کا مختصر تعارف

**س ا۔مختصر جواب دیں۔**

ا۔ارکان اسلام سے کیا مراد ہے؟

جواب: ارکان رکن کی جمع ہے، جس کا معنی ہے ستون یا کسی چیز کا لازمی حصہ۔ارکان دراصل وہ اہم عبادات ہیں، جن کے بغیر اسلام کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ان عبادات کو ارکان اسلام کہا جاتا ہے۔

ب۔اسلام کے بنیادی ارکان کے نام لکھیں۔

جواب: اسلام کے پانچ بنیادی ارکان ہیں۔

ا۔توحید و رسالت کی گواہی دینا

۲۔نماز قائم کرنا

۳۔زکوۃ ادا کرنا

۴۔رمضان المبارک کے روزے رکھنا

۵۔حج ادا کرنا

ج۔زکوۃ سے کیا مراد ہے؟

جواب: زکوۃ کے لفظی معنی پاک ہونا یا بڑھنا کے ہیں۔اس سے مراد اپنے مال کے اڑھائی فیصد سے غریب لوگوں کی مدد کرنا ہے۔

د۔ترجمہ کریں: وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ

جواب: ترجمہ: "اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو۔"

ہ۔زکوۃ کے کوئی سے دو فائدے لکھیں۔

جواب: زکوۃ کے فوائد:

ا۔زکوۃ ادا کرنے سے انسان کا مال پاک اور صاف ہو جاتا ہے۔

۲۔زکوۃ ادا کرنے سے اللہ تعالیٰ مال میں برکت عطا کرتا ہے۔

**س ۲۔خالی جگہ پر کریں۔**

ا۔پاک ہونا

۲۔اڑھائی فیصد

۳۔عشر

۴۔مستحق

۵۔پاک

**س ۳۔درست جواب پر نشان لگائیں۔**

ا۔بڑھنا

۲۔پانچ

۳۔اجر عظیم

۴۔کم ہو جاتی ہے۔

۵۔عشر

# ج۔اللہ تعالیٰ کے حقوق

**س۱۔مختصر جواب دیں۔**

۱۔حق کا کیا مطلب ہے؟

جواب:حق کا مطلب ہے اپنی ذمہ داری اچھے طریقے سے پوری کرنا۔

۲۔اللہ تعالیٰ کے حقوق سے کیا مراد ہے؟

جواب:اللہ تعالیٰ کے حقوق سے مراد ہم پر وہ ذمہ داریاں ہیں جن کو پورا کرنے کا اسلام ہمیں حکم دیتا ہے۔

۳۔اللہ تعالیٰ کے چند احسانات بیان کریں۔

جواب:اللہ تعالیٰ نے انسان پر اتنے احسانات کیے ہیں کہ ان کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔اللہ تعالیٰ نے انسان کے لیے ہوا، پانی، روشنی اور آگ کو پیدا فرمایا۔انسان کے کھانے پینے کے لیے طرح طرح کی نعمتیں پیدا کی ہیں۔اناج، سبزیاں اور پھل پیدا کیے ہیں۔انسانوں کی ہدایت کے لیے نبیوں کو اس دنیا میں بھیجا۔

۴۔اللہ تعالیٰ کے حقوق کو واضح کرنے والی کسی ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

جواب:اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

'صرف وہی اس لائق ہے کہ اس سے ڈرا جائے اور اسی کے پاس بخشش کا اختیار ہے'

۵۔اللہ تعالیٰ کے کوئی سے تین حقوق بتائیں۔

جواب:اللہ تعالیٰ کے چند حقوق یہ ہیں:

۱۔صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا

۲۔اللہ تعالیٰ سے سب سے بڑھ کر محبت کرنا

۳۔اللہ تعالیٰ کو یکتا ماننا

۴۔اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا

**س۲۔خالی جگہ پر کریں۔**

۱۔شمار

۲۔بھروسا

۳۔انبیاء

۴۔عبادت

۵۔اللہ تعالیٰ

**س۳۔درست جواب پر نشان لگائیں۔**

۱۔ذمہ داری پوری کرنا

۲۔حق کی

۳۔حرام جانیں

۴۔انسان کے لیے

۵۔بندوں پر

**س۴۔کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| ۱۔حقوق اللہ سے مراد | اللہ تعالیٰ کے حقوق ہیں۔ |
| ۲۔اللہ تعالیٰ کے حق کا تقاضہ ہے کہ انسان | اسی کے آگے سر جھکائے۔ |
| ۳۔اگر اللہ تعالیٰ کے احسان گننے لگو | تو شمار نہ کر سکو۔ |
| ۴۔اپنے پروردگار کی نعمتوں کا | بیان کرتے رہنا۔ |
| ۵۔صرف وہی اس لائق ہے کہ | اس سے ڈرا جائے۔ |

## د:بندوں کے حقوق

**س ا۔ مختصر جواب دیں۔**

ا۔بندوں کے حقوق سے کیا مراد ہے؟

جواب: بندوں کے حقوق سے مراد وہ حقوق ہیں جو انسان کے دوسرے انسان پر لازم ہوتے ہیں۔

ب۔ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر کیا حقوق ہیں؟

جواب: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھے حقوق ہیں۔

ا۔اس کی دعوت قبول کرے۔

۲۔جب اسے ملے تو سلام کرے۔

۳۔اس کی چھینک کا جواب دے۔

۴۔جب وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے۔

۵۔اسے نصیحت کرے۔

۶۔جب وہ فوت ہو جائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو۔

ج۔والدین کے کوئی سے دو حقوق لکھیں۔

جواب: والدین کے دو حقوق یہ ہیں:

ا۔ان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے۔

۲۔ان کی عزت واحترام کیا جائے۔

د۔اولاد کے حقوق کیا ہیں؟

جواب: ا۔ان کے اچھے نام رکھے جائیں۔

۲۔ان کی اچھی تعلیم و تربیت کی جائے۔

۳۔ان پر شفقت کی جائے۔

ہ۔کسی ضرورت مند رشتہ دار کو صدقہ دینے کا کیا اجر ہے؟

جواب: کسی ضرورت مند رشتہ دار کو صدقہ دینے سے دوگنا ثواب ملتا ہے۔ایک صدقہ کا اور ایک صلہ رحمی کا۔

**س ۲۔خالی جگہ پر کریں۔**

ا۔سلوک

۲۔والدین

۳۔چھے

۴۔عیادت

۵۔ادب

**س ۳۔درست جواب پر نشان لگائیں۔**

ا۔بندوں کے

۲۔اولاد کا

۳۔والدین کا

۴۔ان کے سپرد کر دیا جائے

۵۔ان پر شفقت کی جائے

**س ۴۔کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| ا۔دوستوں کا حق یہ ہے کہ | ان کے ساتھ اخلاص سے پیش آئیں۔ |
| ۲۔جب کوئی مسلمان بیمار ہو تو دوسرا مسلمان | اس کی عیادت کرے۔ |

۳۔ضرورت مند رشتہ داروں کو صدقہ دینے سے دوگنا ثواب ملتا ہے۔

۴۔ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حقوق ہیں۔

۵۔یتیم جب بالغ ہوجائیں تو ان کا مال ان کے سپرد کردیا جائے۔